# عبداللہ شاہ غازی شوگر ملز لمیٹڈ

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل عمومی بزنس کی انجام دہی کیلئے عبداللہ شاہ غازی شوگر ملز لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') کا 38واں سالانہ اجلاس عام (AGM) 14 مارچ 2022 بروز پیر کو صبح 9:00 بجے ڈائمنڈ بینکوئٹ پلاٹ نمبر 37، C-36 ایکسٹینشن گلشن حدید فیز 1 کراچی میں منعقد ہوگا۔

1۔ چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس مع کمپنی کا آڈٹ شدہ سالانہ مالی گوشوارہ برائے سال مختتمہ 30 ستمبر 2021، کو وصولی، غور کرنا اور اختیار کرنا۔

2۔ کمپنی کے آڈیٹرز کی تعیناتی اور ان کا مشاہرہ طے کرنا۔ ممبران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز اختر محمود میاں چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے نام کی کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تعیناتی کیلئے سفارش کر چکے ہیں۔

حسب الحکم بورڈ

لاہور: 21 فروری 2022

سلیم عباس...... کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

(1) کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 7 مارچ 2022 تا 14 مارچ 2022 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے آفس انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس مین شاہراہ فیصل کراچی، میں آرڈر میں موصول ٹرانسفرز کے مطابق کاروباری بندش 6 مارچ 2022 (شام 5:00 بجے) کے پیش نظر AGM میں حاضری، گفتگو اور ووٹ کے عمل کو بروقت انجام دیا جائے گا۔

(2) شیئر ہولڈرز کے تحفظ و خیر خواہی اور عوام کے وسیع تر مفاد کیلئے کمپنی نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کا بھی اہتمام کیا ہے۔ کمپنی کے ممبران اور عوام الناس کے تحفظ اور خیر اندیشی کیلئے ارکان اسمارٹ فونز/ٹیبلٹس/کمپیوٹرز استعمال کرتے ہوئے بذریعہ ویڈیو لنک سالانہ اجلاس عام میں شرکت کر سکتے ہیں۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے والے ممبران اور ان کے پراکسیز سے التماس ہے کہ وہ درج ذیل معلومات کے ساتھ کارآمد سی این آئی سی (دونوں اطراف)/پاسپورٹ کی کاپی، بورڈ ریزولوشن/پاور آف اٹارنی (کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کی صورت میں)، کی تصدیق شدہ کاپی کے ہمراہ بذریعہ واٹس ایپ نمبر 0302-8407700 یا ای میل saleem.magsi@maccagroup.com پر خود کو 10 مارچ 2022 تک رجسٹر کرالیں:

| نام ممبر | سی این آئی سی نمبر | CDC اکاؤنٹ نمبر/فولیو نمبر | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

وہ ممبران جو ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ ہوں گے انہیں کمپنی کے ای میل پر بھیجے گئے ای میل ایڈریس پر کمپنی کی جانب سے ایک ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے کھلی رہے گی جو اس کے اختتام تک آن رہے گی۔

ایسے شیئر ہولڈرز جو سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈے پر اپنے کمنٹس/تجاویز کمپنی کے ای میل saleem.magsi@maccagroup.com یا واٹس ایپ نمبر 0302-8407700 پر ارسال کر سکتے ہیں۔

ان شیئر ہولڈرز کی جو کورونا کے پیش نظر کم سے کم سماجی رابطے کیلئے بذریعہ پراکسیز اپنی حاضری و شرکت کو ترجیح دیں گے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

(3) وہ ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ کا اہل ہوگا وہ کسی دوسرے ممبر کو اپنی جگہ حاضری اور ووٹ کیلئے بطور پراکسی تعینات کر سکتا ہے اور ایسے پراکسی کو بھی اسی طرح کے حقوق، احترام کیساتھ AGM میں گفتگو کرنے اور ووٹنگ کا حق حاصل ہوگا جیسا کہ ممبران کو حاصل ہے۔ پراکسی کو لازماً کمپنی کا ممبر ہونا چاہیے۔

(4) پراکسی کی منظوری دینے والا، پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت اس کیلئے دستخط ہوئے یا پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ نوٹوریل کاپی اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لازماً جمع کرانا ہوگی۔ سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ انگریزی اور اردو زبانوں میں پراکسی فارمز ممبرز کو ارسال کر دیئے گئے ہیں

(5) وہ ممبران جو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("CDC") میں اپنے شیئرز جمع کرا چکے ہیں، انہیں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ درج ذیل گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا،

**اے۔ برائے شرکت اجلاس:**

(i) انفرادی ہونے کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت ثابت کرنے کیلئے دکھانا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ انٹیٹی کی صورت میں بورڈ کے ریزولوشن/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے مخصوص دستخط کا نمونہ اجلاس کے وقت (اگر قبل ازیں فراہم نہیں کیا گیا) پیش کرنا ہوگا۔

**بی۔ برائے تقرر پراکسیز:**

(اے)۔ انفرادی ہونے کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں درج بالا مطلوبات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

(بی)۔ پراکسی فارم کی دو افراد تصدیق کریں گے جن کے نام پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

(سی)۔ بینیفشل اونرز اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں گی۔

(ڈی)۔ پراکسی کو اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

(ای)۔ کارپوریٹ انٹیٹی کی صورت میں بورڈ کے ریزولوشن/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے مخصوص دستخط کا نمونہ اجلاس کے وقت (اگر قبل ازیں فراہم نہیں کیا گیا)، پیش کرنا ہوگا۔

(6) **تبدیلی پتہ:**

ممبران سے التماس ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے حوالے سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری مطلع کریں۔

(7) **کمپنی کی ویب سائٹ پر مالی گوشواروں اور دیگر معلومات کا ڈالا جانا:**

کمپنی نے AGM کے نوٹس کی کاپی، برائے سال مختتمہ 30 ستمبر 2021 سالانہ مالی گوشوارے مع آڈیٹرز و ڈائریکٹرز کی رپورٹس، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ و دیگر معلومات کمپنی کی ویب سائٹ www.asgsml.com پر آویزاں کر دی ہیں۔

(8) **شیئر ہولڈرز کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) لازمی**

شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اگر پہلے فراہم نہیں کر چکے تو اب اپنے کارآمد CNIC کی کاپی کمپنی کے انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار کے پاس درج ذیل پتے پر فراہم کریں۔ اس کی اسکین شدہ واضح کاپی فولیو نمبر اور خط و کتابت کے لیئے تازہ پتے کے ساتھ saleem.magsi@maccagroup.com پر لازماً ارسال کریں۔

(9) **سی ڈی سی اکاؤنٹ میں طبعی شیئرز کا جمع کرایا جانا:**

طبعی شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ، اپنے طبعی شیئرز اسکرپ لیس فارم کی شکل میں رکھنے کیلئے سی ڈی سی کے ساتھ براہ راست اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ اس سے انہیں کئی طریقوں بشمول محفوظ حوالگی اور شیئرز کی فروخت، جب بھی وہ چاہیں جیسا کہ اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد طبعی شیئرز کی اجازت نہیں ہے، کی سہولت فراہم کرتا ہے مزید برآں ایکٹ کی شق 72 میں درج ہے کہ SECP ایک کمپنی جو شیئر کیپٹل کی حامل ہے، کی جانب سے جاری کردہ تاریخ سے ایکٹ کے آغاز کے بعد، صرف بک انٹری فارم میں شیئرز رکھتے ہیں، جیسا کہ مختص کیا گیا ہے اور SECP کی جانب سے جاری کردہ تاریخ سے اس مدت کے اندر جو کہ ایکٹ کے آغاز سے چار سال سے زائد نہ ہو، ہر موجودہ کمپنی کو اپنے طبعی شیئرز تبدیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

Created by Universal Document Converter